COPY 1

بسم الله الرحمن الرحيم
نحمده ونصلي على رسوله الكريم

# AHMADIYYA GAZETTE
## Canada

15 Thorncliffe Park Drive, Suite # 311, Toronto
Ontario, Canada. M4H 1H6. Ph: (416) 424-4244.

Editor: Mohammad Saeed APRIL-MARCH 1980 Sub Editor: M. Yusuf Khan

# ISLAMIC TEACHINGS ON SELF-SACRIFICE & SERVICE

Allah, the Exalted, has said:

*They give them preference over their own selves, even when they themselves are destitute (59.10).*

*They feed the poor, the orphan and the captive for the love of Allah (76.9).*

Abu Hurairah relates that a man came to the Holy Prophet and said: I am famishing. He sent word to one of his wives and she sent back word: By Him Who has sent thee with the Truth I have nothing but water. Then he sent word to another and received back the same reply. He sent word in turn to everyone of them and the same reply came back. Then he said: Who will make this one his guest? One of the Ansar said: Messenger of Allah, I will. So he took him home and said to his wife: Honour the guest of the Holy Prophet. Another version is: He asked his wife: Have you anything? She answered: Nothing, except a little for the children. He said: Beguile them with something, and when they should ask for food put them to sleep. When the guest comes in put out the light, and make him feel that we are also eating. So they sat down and the guest ate and they passed the night hungry. When he came to the Holy Prophet in the morning, the latter said to him: Allah was well pleased with that which you did about your guest last night (Bokhari and Muslim).

Abu Hurairah relates that the Holy Prophet said: The food of two suffices for three and the food of three suffices for four (Bokhari and Muslim). Muslim also relates from Jabir that the Holy Prophet said: The food of one suffices for two, the food of two suffices for four, and the food of four suffices for eight.

Abu Sa'id Khudri relates: While we were on a journey with the Holy Prophet a man came riding his mount and began turning his eyes right and left, whereupon the Holy Prophet said: Whoever can spare a mount should offer it to him who has none, and whoever has spare food should offer it to him who has none: and he went on specifying every type of provision till we thought none of us had any right to what might be spare (Muslim).

Abu Musa relates that the Holy Prophet said: When the Ash'aris are faced with scarcity in battle or while they are at home in Medina they collect all they have by way of provisions in a sheet and then divide it equally among themselves. Thus they are of me and I am of them (Bokhari and Muslim).

# ACTIVITY REPORTS from different chapters

COMPILED BY COL. (RTD.) MUHAMMAD SAEED (MONTREAL)

## Digby (Nova Scotia) (Dec 1979).

In Digby, there is only one family of six members. The Missionary Incharge visited here in Oct 79, and his visit, by grace of God, was a great success. He was interviewed by the press and the radio reporters. News about Ahmadyyat was published in five weekly papers and was broadcast by at least two stations.

The children are taught Namaz, Quran and are given other religious information. All the children (except the youngest of 8 years age) offer five daily prayers punctually and recite Holy Quran almost daily.

The preaching activities are summarized as under:-

1. The church is visited and literature is given to read.
2. Ahmadyya literature, mostly "The light" is mailed to individuals.
3. Literature is also supplied to these local lib aries.
4. Four universities in the province have been visited and information regarding Islam provided,
5. A North American Indian chief was contacted by letter who greatly appreciated the contents of the letter.
6. An advertisement was given in three weekly papers of this area for three weeks.
7. It is planned to set up a Book Stall in public place.

## Saskatoon Jamaat (Dec 79 & Jan 80).

Regular weekly meetings were held and various matters relating to organisation and centre renovation were discussed.

On individual level some books were given to six Canadian friends. On Christian [illegible] was invited at the Mission House and was given some of our literature.

Friday Prayers were offered regularly and on the average, three prayer every day were offered at the centre.

Quran classes are held for the children twice a week and once a week for the adults. By grace of God we do not have any inactive member.

Vancouver Jamaat (Jan & February 1980).

Monthly meeting was held on 27 January and arrangements regarding holding of annual western provinces Jalsa were discussed.

We are holding weekly prayers in congregation at two prayer centres regularly with an average attendence of 30 brothers at one centre and 8 to 9 brothers at the second centre. Our three children (1) Rizwan Chaudhry (age 13 yrs) (2) Abdullah (age 5yrs) and (3) Amtul Hayee (age 6 Yrs) have completed reading of Holy quran and we celebrated the Ameen ceremony at the residence of Br Ch Nasrullah Khan. The meeting of the Executive Commitee was also convened and we formulated the programme for Jalsa Sirat-un-Nabi, to be held on 1st March 80.

Montreal Jamaat (Jan 1980).

Monthly meeting of the Jamaat was held which was attended by twenty one male members. Fajar prayers were held regularly in the south shese area followed by Dars-e-Quran from Tafsir-e-Kabeer. Friday prayers were offered once only and five members only took part.

Various brothers were contacted to obtain their current addresses for the new listing of the Jamaat. Brothers were also reminded of the activities of Montreal Chapter.

At the monthly meeting, a general Knowledge test was given to the members and 21 brothers attempted the question paper.

Our Missionary Incharge paid two visits during this period and his visit was usefully utilized.

Winnipeg (Dec 79 & Jan 80).

Every adult and every child read Holy Quran regularly. Maghrib prayer is offered in congregation. The meeting of Manitoba Islamic association in connection with eid-e-Milad-un-Nabe was attended and social contacts were developed.

The book "Essence of Islam" was presented to Dr Charles J. Adams, Directer of the Institute of Islamic studies at Mcgill Uneversity who was here on a speaking tour. HE APPRECIATED THE PRESENT AND ACKNOWLEDGED THE SAME ON his arrival back at McGill University, Montreal. On the occasion of new year's day, following literature was presented to Cardinal Flantiff, the representative of the Pope of Rome:-

1. Jesus in India.

2. Holy Quran.
3. Message of Peace.
4. some issues of the "Light".

Some issues of the "Light" were also presented to a high Government offi( who has been on tour to African Muslim Countries. He read the same with great interest and later discussed about the Ahmadiyya Movement.

A copy of " Deliverance from the Cross" was sent to the famous Magezine "NEWSWEEK" which had published a lengthly feature "In search of Rea] Jesus" in its issue.

Some copies of the "Light" were also sent to (a) Non-Ahmadi relative in Pakistan (b) Various friends in Winnipeg, other parts of Canada/U.S.A. (c) University of Wisconsin Library (d) Editors of the "Islam Canada" & the co-ordinator of their Interfaith Committee (e) Mr John Dart- the religious Writer of the Los Angels Times (f) Centre for world Religious, Harward University, U.S.A.

Calgary (Jan 1980).

Monthly meeting was held with 21 men, 17 ladies & 11 children partic pating. Emphasis was laid on prayer centres & payment of chanda by all brothers. Quran classes are held regulary on every Sunday. Average atte dance is 10 to 11 students. After the class, the parents join at Zuhar & Asar prayers. Friday prayers were held regularly in congregation with an average attendance of 14 to 15 members.

Last year 7 member were paying chanda "ba-sharah" and now by grace o Allah, 4 additional members have been added to this category.

A lecture on "Islam and its message" was delivered by Br Mirza Mohy-ud-din followed by a Question-Answer period of about 40 minutes. The stu dents showed keen interest in Islam. Eighteen copies of Holy Quran and other literature were distributed.

Monthly fast was observed on Sunday and Tahajjad prayers were held o 27 Jan 1980 followed by Dars-e-Quran.

On 31 Jan, 1980, a presentation of 100 copies of Holy Quran for free distribution to new citezens of Canada was made in a very impressive cere· mony lasting more than two hours. This was attended by more than 80 pers belonging to 18 countries of the world. This was a great occasion to introduce the activities of the Jamaat to Non-Ahmadis as well as Non-Muslim:

During the period, Br Bashir Malik from U.S.A. visited the Mission House. Quite a big number of families have started offering prayers.

# CANADA MISSION NEWS

Musleh Maood Day.

Toronto Jamaat celebrated the Musleh-Maood Day on the 2nd of March, which was by the grace of God, very successful from many points of view. After the recitation of the Holy Quran and poems by Brs. M. Ilyas Khan M. Ali Zuberi, five of our young children took part in the program for the first time. These children prepared and presented excellent articles on various aspects of the prophecy of Musleh Maood. The children who took part in these presentations were:-

1. Amir Awan, son of Br Sabir Awan.
2. Amir Zuberi, son of br M.A. Zuberi.
3. Muzaffar Qureshi, son of Br Z.A. qureshi.
4. Adnan Ahmad son of Br Ch. Mubashir Ahmad.

The youngest child of the 5, Harith Khan, son of Br M. Daniel Khan recited Surat Fatiha beautifully at this gathering.

As usual, the most interesting part of the program was when various brothers, who had worked in the centre in the times of Musleh Maood or who had seen or heard him at close quarters, came and related the events to the audience. This program was extremely faith inspiring. Those who took part in this part of program were.

1. Br. Maulvi Ata Muhammad.
2. Br. Ahmad Ali.
3. Br. Chaudheri Khalil Ahmad.

Br. Mohammad Isajan read the actual wordings of the prophecy and showed by various events how the prophecy was fulfilled in the person of Musleh Maood. This speech lasted for 25 minutes.

Br. Sharif Ahmad, threw light on this prophecy from the view point of the importance of Majlis Ansarullah and the blessings of Khilafat Finally, the missionary incharge, relating the great service to Islam by Musleh Maood in detail, told the audience that the perpose of celebrating this day would be fulfilled only when in following the footsteps of Musleh Maood we all try to produce the absolute belief, faith and devine realisation in our hearts for this purpose beside bowing down most humbly in salaat and prayers, we should learn to sacrifice everything in the path of Allah and feel absolute pleasure in doing so.

In the next issue, reports will be issued of the Musleh Maood day celebration of other jamaats for the readers.

DISTRIBUTION OF HOLY QURAN.

Our Mission has recieved one thousand copies of the Holy Quran from the American Mission. The cost of printing and postage has come to $4.00 per copy which is extremely good value consider-ing the hard cover binding and the excellent print.

Every members of the jamaat is requested to take part in the distribution of the Quran and to let us know in writing as to how many copies th are willing to commit themselves. Those who can afford, particularly the professional people such as doctors, engineers and businessmen etc. are ex pected that they will commit on the monthly basis, that is, they should inf rm us as to the member of copies they will purchase every month.

For all the copies purchased, pleased note that Tax DEDUCTIBLE reciep will be issued.

Concerning distribution of the Holy Quran, local jamaats should conta local book stores and place the Qurans in them. By this means the right kind of effort can be made which may prove to be extremely beneficial.

PHILOSOPHY OF THE TEACHINGS OF ISLAM. (English Translation)

Philosophy of the teachings of Islam has been translated by Sir M. Aafrullah Khan. and has been published with an excellent presentation by the London Mission. Hazrat Khalifatul-Masih III has fixed its price at 3( pence whole-sale and 40 pence retail.

As we are ordering on wholesale basis, the cost to members including postage will be $1.00

As this book is extremely beneficial for the distribution amongst non Ahmadies, therefore brothers should let us know as to how many copies the would like to have of this.

CHILDREN'S CLASSES & PRAYER CENTER

Elsewhere on this paper information IS given concerning the childr classes and the prayers centres. Brothers are to encouraged to participa accordingly.

CALGARY & BRANTFORD JAMAATS EFFORTS IN DISTRIBUTION OF QURAN.

Calgary jamaat presented 100 copies of the Holy Quran to the citizen ship Oath courts in a ceremony. The full report of this important ceremo will be published in the daily Al-Fazal.

Similarly, Brantford jamaat presented the copies of the Holy Quran to e city main Library and to the Red Indian Library which was accepted r ztefully by the respective authorities. This jamaat is also presenting copy to the local member of parliament and is in the process of arranging book stall in the local Plaza. For the presentation of the HOly Quran th english translation to both the libraries, the local jamaat invited th ssionary Incharge also.
antford jamaat is arranging to place the copies of the Holy Quran inthe cal book stores.

y Allah enable to other chapters to follow the good example of these o jamaats.

madyya Muslim Calender (1980).

The Ahmadyya Muslim Calender for year 1980 duly published by the Missi s been sent, through the regional presidents, for each Ahmadi family. e calender includes all the three calenders for Christian era, Hijri-Qamr d Hijri-Shamsi years. Our religious festivals and official holidays in nada have also been listed. The names of the Months of Hijri-Shamsi ong with the reasons for their naming as such, has also been mentioned th in English and urdu. Any Ahmadi brother, who may not have received the me, may obtain the same direct from Toronto Mission.

TTER OF THANKS FROM MAJOR SHAMIM AHMAD.

Major Shamim Ahmad who was here in Canada for some time in the past, aching back in Pakistan has sent a letter for all our brothers in Canada. has expressed his deepest gratitude for his very lovable and comfortable ay with us. He has requested the Missionary Incharge to convey his thanks s compliments and his sincere prayers to all the brothers.

EDGES FOR TEHRIK-E-JADEED (1979-80).

Ahmadi brothers, who have not made any pledge for Tahreek-e-Jadeed for ar 1979-80 so far, are requested to forward the same at their earliest.

QUEST FOR PRAYERS.

The wife of brother Ch. A. Akhtar (of Smith velle) has undergone a major eration. Prayers for her early recovery are requested.

LIST OF NEW PLEDGES FOR TEHRIK-E-JADEED YEAR 1979-80.

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1). | Mr. MUSTAQ MIRZA | $. | 60.00 |
| (2). | Mr. JAMIL SAEED | $. | 50.00 |
| (3). | Mr. BASHART LONE | $. | 60.00 |
| (4). | Mr. SHEIK MANZOOR | $. | 36.00 |
| (5). | Mr. SHAID MAHMUD | $. | 50.00 |
| (6). | Mr. NAZAM MIRZA | $. | 50.00 |
| (7). | Mrs. NASARA LONE | $. | 40.00 |
| (8). | Mrs. MUBARKA SHEIK | $. | 20.00 |
| (9). | Mrs. ASMAT MIRZA | $. | 20.00 |
| (10). | Mrs. MUSARAT JAMIL | $. | 20.00 |
| (11). | Mrs. RAFIA SAEED | $. | 20.00 |
| (12). | Mrs. MANNAN QURESHI (MOTHER). | $. | 10.00 |
| (13). | Mrs. MANNAN QURESHI | $. | 10.00 |
| (14). | Mrs. ROBENA QURESHI | $. | 10.00 |
| (15). | Mrs. NASRA MIRZA | $. | 10.00 |
| (16). | Mrs. AMTUL HAMID QURESHI | $. | 10.00 |
| (17). | Mrs. ZAHIDA SAEED | $. | 10.00 |
| (18). | Mrs. SHENAZ SAEED | $. | 10.00 |
| (19). | Mrs. NUSRAT CHAUDHRY | $. | 10.00 |
| (20). | Mrs. AMTUL MUSAWER CHAUDHRY | $. | 10.00 |
| (21). | Mrs. GUZALA MAJID CHARDHRY | $. | 10.00 |
| (22). | Mrs. RASHDA MIRZA | $. | 10.00 |
| (23). | Mrs. SAEEDA JANJUA | $. | 10.00 |
| (24). | Mrs. NAHEED AHMAD | $. | 10.00 |
| (25). | Mrs. JAMILA SAEED | $. | 10.00 |

Ans While entering the mosque:- الصلوة والسلام على رسول الله - اللهم اغفرلي ذنوبي وافتح لي ابواب رحمتك )
I enter the mosque with the name of Allah and peace and
of Allah be upon his Prophet. My lord, forgive my sins
the gates of mercy upon me.
While leaving the mosque:- Same prayers as above with th
tion that instead of
( ابواب رحمتك ) you should read ( ـ فضلك

Q.13. State the basic origins of juris-prudence.

Ans 1. Holy Quran. 2. Tradition and action of Holy Prophet.
sensus. 4. opinion.

Q.14. What is "Sunnat".

Ans The way a thing was performed by the Holy Prophet.

RIDEAU HALL
OTTAWA
K1A 0A1

GOVERNMENT HOUSE
RÉSIDENCE DU GOUVERNEUR GÉNÉRAL

15th February 1979

Dear Dr. Qamar,

My wife and I thank you and your colleagues for your good wishes as we assume our new duties and responsibilities. We are grateful for your message and for the books which you so kindly sent for our library.

Yours sincerely,

Ed Schreyer

Governor General of Canada

Dr. Ijaz A. Qamar, Ph.D.,
President,
Ahmadiyya Muslim Community of Winnipeg,
159 Avaco Drive,
Winnipeg, Manitoba
R2K 3J3

FOLLOWING CHILDREN OF OUR JAMAATS HAVE FINISHED HOLY QUR
WERE GIVEN PRIZES BY THE JAMAAT. AN AAMEEN FUNCTION WAS
ARRANGED TO APPRECIATE THEIR GREAT EFFORT.

1. RIZWAN CHAUDHARY S/O CH. MUHAMMAD HUSAIN ( AGE 13 ) VANCOU
2. ABDULLAH S/O CH. NASEER AHMAD ( AGE 5 ) "
3. AMTUL HAI D/O CH. NASEER AHMAD ( AGE 7) "
4. MUBASHAR CHAUDHARY S/O CH. ABDUL LATIF (Age 11) OTTAWA

MAY ALLAH BLESS THE EFFORTS OF THESE AHMADI CHILDREN AND , H
TO FOLLOW THEOR GOOD EXAMPLE.

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم

# ماہنامہ احمدیہ گزٹ

ٹورانٹو
کینیڈا

ایڈیٹر۔ کرنل (ریٹائرڈ) محمد سعید | مارچ۔اپریل ۱۹۸۰ء | نائب ایڈیٹر: خلیل احمد

بحرِ حکمت کے موتی، جوامع الکلم، جواہر الکلام

## اگر بندے خدا تعالےٰ سے دعا نہ مانگیں تو اسے ان کی پرواہی کیا ہے

## جو لوگ خدا تعالےٰ سے دعا نہیں مانگتے وہ اس کی ناراضگی کے مورد بنتے ہیں

**ارشاد باری تعالیٰ:۔**

قُلْ مَا یَعْبَؤُا بِکُمْ رَبِّیْ لَوْلَا دُعَآؤُکُمْ ۔ (الفرقان آیت ۷۸)

ترجمہ:۔ (اے رسول!) تو ان سے کہہ دے کہ میرا رب تمہاری پرواہ ہی کیا کرتا ہے اگر تمہاری طرف سے دعا (اور استغفار) نہ ہو۔

**حدیث النبی صلے اللہ علیہ وسلم:۔**

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ لَا یَدْعُوْنِیْ اَغْضِبُ عَلَیْہِ ۔ اَلْعَسْکَرِیُّ فِیْ کِتَابِ الْمَوَاعِظِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

ترجمہ:۔ اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ جو مجھ سے دعا نہ مانگے میں اس پر غصہ کرتا ہوں۔ یہ حدیث عسکری نے کتاب المواعظ میں ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے۔

**ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام:۔**

"بڑے بڑے صریح ظلم مظلوموں پر ڈھائے جاتے ہیں اور ہمارے سامنے ظالموں سے کوئی چنداں باز پرس نہیں ہوتی۔ اس کا باعث بھی خدا تعالےٰ نے اسی آیت میں فرمایا ہے۔ مَا یَعْبَؤُا بِکُمْ رَبِّیْ لَوْلَا دُعَآؤُکُمْ یعنی خدا تعالےٰ کو تمہاری پرواکیا ہے اگر تم دعاؤں اور عبادتِ الٰہی میں تغافل اختیار کرو۔ بے شک ظلم اور دست درازیاں مظلوموں پر ہوئیں کوئی پرواہ نہیں کی جائے گی جب تک وہ مظلوم خدا تعالےٰ سے سچا تعلق بذریعہ صراطِ مستقیم پیدا نہ کرلیں اور مظلوم پر ظلم اس لئے ہوتے ہیں کہ مظلوم خود ذبیحہ بکری یا کپڑے کی طرح ہوتا ہے کیونکہ وہ خدا تعالےٰ سے سچا تعلق نہیں رکھتا۔ ورنہ ممکن ہے کہ خدا جو اس کا دین و دنیا کا متکفل ہو اور اس کی حفاظت کا ذمہ دار ہو پھر اس پر کسی کی ظالمانہ مخالفت کا وار چلنے دے۔"

(ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد ہشتم صفحہ ۱۳۲)

اڈیٹوریل

# رسومات

ضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ
لم فروری ۱۹۸۰ء بمقام دارالذکر لاہور میں احباب جماعت کو تنبیہ فرمائی ہے
حضور اس بارہ میں احباب جماعت کی اصلاح کی کوشش فرمائیں گے کہ
رسوم اور خلاف اسلام باتیں ہمارے درمیان راہ نہ پاسکیں۔ حضور کے
طبہ کا خلاصہ اسی اشاعت میں شائع کیا جا رہا ہے۔

رسومات اور خلاف اسلام باتیں جن کے بارہ میں واضح ارشادات
ود ہیں احباب جماعت کی توجہ اور راہنمائی کے لئے ذیل میں درج کئے جاتے ہیں

## سالگرہ منانا

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :۔
"بچوں سے متعلق ایک رسم یہ ہے کہ ہر سال تاریخ پیدائش
سالگرہ منائی جاتی ہے۔ دعوت کا اہتمام ہوتا ہے تحفے تحائف پیش
ے جاتے ہیں اور بہت سا روپیہ صرف کیا جاتا ہے یہ بدعت اور رسم ہے
س سے اجتناب بہتر ہے"

## ومات شادی

"بیاہ شادی کے موقعہ پر پاکیزہ اشعار عورتیں
ڑھ سکتی ہیں پڑھنے والی مستاجرہ نہ ہوں تو کوئی حرج نہیں"
ھی فرمایا" صرف عورتوں کا عورتوں میں دف کے ساتھ پاکیزہ
انا بھی منع نہیں" (الفضل ۱۴؍جون ۱۹۲۸ء)

"شادی کے موقعہ پر **مہندی** اور اسکے ساتھ متعلقہ جملہ رسوم
رائج ہیں ہمارے نزدیک غیر اسلامی ہیں ہماری جماعت کو اس سے بچنا چاہئے"
(رپورٹ مجلس مشاورت ۱۹۴۲ء)

## ہر رکھوانا

ایسے مہر مقرر کرانا جو انسان کی حیثیت اور طاقت سے
ہوں ایک رسم کی حیثیت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کا واضح ارشاد ہے لَا
کلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا۔ اللہ تعالیٰ کسی نفس پر اس کی طاقت
زیادہ بوجھ ڈالنا نہیں چاہتا پس صرف نام و نمود کے لئے بڑے بڑے
ہیں رکھنے چاہئیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ ارشاد فرمایا کرتے
کہ چھ ماہ سے لے کر ایک سال کی آمد کے برابر مہر رکھا جا سکتا ہے۔

## صف شعبان کی رسم حلوہ

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے
یا :۔ "یہ رسوم حلوہ وغیرہ سب بدعات ہیں"
(ملفوظات جلد نہم صفحہ ۳۹۴)

## رہ وفات

حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ
فرماتے ہیں :۔
ے عرس میں خواہ نبی کریم صلعم کا ہی ہو بدعت نظر آتی ہے خود حضرت
موعود علیہ السلام نے کبھی بارہ وفات کا جلسہ اپنے گھر میں ہرگز نہیں کیا"
(بدر ۲۱/۲۸ فروری ۱۹۱۳ء)

## مُردہ پر ختم قرآن

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا :۔
"مُردہ پر ختم قرآن کا کوئی ثبوت نہیں۔
صرف دعا اور صدقہ میت کو پہنچتا ہے" (اخبار بدر ۱۴؍مارچ ۱۹۰۴ء)

## چہلم

ایک رسم چہلم کی بھی ہے یعنی کسی عزیز کی وفات کے
چالیسویں دن مجلس ہوتی ہے اور کھانا پکا کر
مرنے والے کے نام پر لوگوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اس بارہ میں حضرت
مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا :۔
"یہ رسم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کی سنت سے باہر ہے"
(اخبار بدر ۱۴؍فروری ۱۹۰۷ء)

## قُل اور ختم قرآن

اس بارہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام
فرماتے ہیں "قل خوانی جو مرنے والے کی وفات کے بعد تیسرے
دن کی جاتی ہے اس کی کوئی اصل شریعت میں نہیں ہے ......
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی فوت ہوئے کیا کبھی ان کی وفات پر کسی نے قُل
پڑھے؟ صدہا سال کے بعد دوسری بدعتوں کی طرح یہ بھی بدعت
نکل آئی ہے" (اخبار بدر ۱۹۰۴ء)

## بچے کی پیدائش

بچے کی ولادت والدین کیلئے خوشی کا
ایک اہم موقعہ ہوتا ہے اس موقعہ پر
مناسب رنگ میں خوشی منانے سے اسلام نے منع نہیں کیا۔ یہ
ایک فطرتی جذبہ ہے اگر شکرانہ کے طور پر کچھ شیرینی وغیرہ تقسیم
کی جائے تو کوئی حرج نہیں۔ لیکن ڈھول ڈھمکا ناچ گانا کسی
طرح جائز نہیں۔ اسلامی طریق یہ ہے کہ ساتویں دن عقیقہ کیا
جائے۔ یعنی بال منڈوائے جائیں اور بکرا ذبح کیا جائے لڑکے کی
صورت میں دو اور لڑکی کی صورت میں ایک۔ اگر قربانی کی توفیق
نہیں تو ضروری نہیں۔ بچے بالغ ہو کر خود بھی قربانی کر سکتے ہیں
قربانی کا گوشت غرباء اور عزیز و اقارب میں تقسیم کیا جائے خود
بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ لڑکا ہو تو ختنہ بھی ساتھ ہی کر دینا
چاہیئے۔

---

**یاددہانی**

**مَیں دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا**

(آپ کا عہد)

# احوالِ کینیڈا

## یومِ مصلح موعودؓ

ٹورنٹو جماعت نے ۲ مارچ ۱۹۸۰ء کو یوم مصلح موعودؓ منایا جو کئی خصوصیات کی وجہ سے الحمدللہ بہت کامیاب رہا۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم جو مکرم محمد الیاس خالد صاحب اور مظہر علی صاحب زبیری نے کی۔ کے بعد اس پروگرام میں پہلی دفعہ ہمارے پانچ بچوں نے حصہ لیا۔ اور نہایت عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ جن بچوں نے مصلح موعودؓ کی پیشگوئی کے مختلف پہلوؤں پر مضامین تیار کرکے پڑھے ان کے نام یہ ہیں:-

عزیز عامر اعوان ابن صابر اعوان صاحب۔ عزیز عامر زبیری ابن مظہر علی صاحب زبیری عزیز مظفر قریشی ابن ظفر احمد صاحب قریشی۔ عزیز عدنان احمد ابن چوہدری مبشر احمد صاحب ہمارے ننھے طفل عزیز حارث خان ابن محمد دانیال خان صاحب نے نہایت خوش الحانی سے سورۃ فاتحہ سامعین کو سنائی۔

حسب سابق پروگرام کا ایک نہایت دلچسپ حصہ وہ تھا جب مختلف بزرگوں نے جو حضرت مصلح موعودؓ کے زمانہ میں مرکز میں کام کر چکے یا جنہوں نے حضور کو قریب سے دیکھا اور سنا تھا حضور کی زندگی کے واقعات حاضرین کو سنائے یہ پروگرام بہت ہی ایمان افروز تھا۔ جن احباب نے اس میں حصہ لیا ان کے اسماء درج ذیل ہیں

۱۔ محترم مولوی عطا محمد صاحب ۲۔ مکرم احمد علی صاحب ۳۔ چوہدری خلیل احمد صاحب

مکرم محمد عیسیٰ خان صاحب نے اصل پیشگوئی پڑھکر اس کا حضرت مصلح موعودؓ کی ذات میں اس کے پورے ہونے کے متعلق بعض واقعات بیان کئے۔ آپ کی تقریر تقریباً ۲۵ منٹ جاری رہی۔ مکرم سید شریف احمد صاحب نے مجلس انصار اللہ کی اہمیت اور خلافت کی برکات کے ضمن میں اس عظیم پیشگوئی پر روشنی ڈالی۔

آخر میں مبلغ انچارج نے حضرت مصلح موعودؓ کی عظیم اسلامی خدمات کو تفصیل سے بیان کرتے ہوئے حاضرین کو بتایا کہ یہ دن منانے کا مقصد اسوقت پورا ہوگا جب ہم حضرت مصلح موعودؓ کی تقلید میں اپنے دلوں میں صحیح ایمان۔ یقین اور معرفت الٰہی پیدا کرنے کی کوشش کریں گے اور اس مقصد کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعاؤں اور نمازوں میں عاجزانہ جھکنے کے علاوہ ہر چیز کی قربانی خدا تعالیٰ کے حضور پیش کرنا سیکھیں گے اور اسی میں اپنی ساری لذت محسوس کریں گے۔

آئندہ شمارہ میں دوسری جماعتوں نے جو جلسے کئے ہیں ان کی تفصیل قارئین کی نذر کی جائیگی۔

## تقسیم قرآن کریم

امریکہ مشن سے ہمارے مشن نے ایک ہزار قرآن مجید (انگریزی ترجمہ) منگوا لیا ہے۔ اس کی طباعت اور ڈاک پر جو خرچ آیا ہے اس کے مطابق فی کاپی ہدیہ چار ڈالر ہے جو کہ مضبوط جلد اور نہایت عمدہ طباعت کی وجہ سے بہت ہی معمولی ہے۔

ہماری جماعت کے ہر دوست سے یہ اپیل ہے کہ وہ قرآن مجید کی اشاعت میں حصہ لیں۔ اور معین طور پر ہمیں لکھیں کہ وہ کتنی کاپیاں لیں گے۔

جملہ اور صاحب استطاعت دوستوں بالخصوص پروفیشنلز مثلاً ڈاکٹرز وکلاء۔ انجینئرز نیز جو دوست بزنس یعنی اپنا کاروبار کرتے ہیں ان سے یہ توقع ہے کہ وہ ماہانہ بنیاد پر اپنے وعدے بھجوائیں گے یعنی جتنی کاپیاں وہ اس مقصد کیلئے خریدیں گے۔ اسکی انہیں Tax Deductable رسید ملے گی۔ تقسیم قرآن کے سلسلہ میں مقامی جماعتوں کو کتابوں کی دکانوں اور سٹورز میں بھی قرآن رکھوانے چاہئیں۔ اس طریق سے کماحقہٗ کوشش کے ذریعہ بہت فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

## اسلامی اصول کی فلاسفی (انگریزی ترجمہ)

اسلامی اصول کی فلاسفی کا از سرِ نو ترجمہ مکرم چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے فرمایا ہے جسے لندن مشن نے نہایت دیدہ زیب شکل میں شائع کیا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اسکی قیمت 30 پنس تھوک اور 40 پنس Retail مقرر فرمائی ہے۔ چونکہ ہم یہ کتاب اکٹھی منگوا رہے ہیں اس لئے ڈاک خرچ ملا کر ایک ڈالر میں دوست اسے حاصل کر سکیں گے چونکہ اس کتاب کی افادیت کیوجہ سے اسے غیر از جماعت دوستوں میں تقسیم کرنا ازحد ضروری ہے اس لئے دوست اس کتاب کے متعلق ہمیں بتائیں کہ وہ کتنی کاپیاں خریدنی چاہتے ہیں۔

## بچوں کی کلاسیں اور نماز کے مراکز

مختلف جماعتوں میں بچوں کی کلاسیں اور نماز کے مراکز کے متعلق اسی پرچہ میں دوسری جگہ معلومات درج کی گئی ہیں کہ یہ پروگرام کب اور کہاں منعقد کئے جاتے ہیں۔ دوست ان کے مطابق ان میں حصہ لیں۔

## کیلگری اور برانٹ فورڈ کی جماعتوں کی مساعی برائے تعلیم قرآن

کیلگری کی جماعت نے Citizen Oath Courts میں بمقصد قرآن مجید کی پیشکش ایک خصوصی تقریب میں حکام کو کی۔ اس اہم تقریب کی مفصل رپورٹ احباب جلد الفضل میں پڑھ لیں گے اسی طرح برانٹ فورڈ جماعت نے شہر کی بڑی لائبریری نیز ایک Red Indian لائبریری میں قرآن مجید کا تحفہ پیش کیا ہے جسے دونو لائبریریوں کے منتظمین نے نہایت ممنونیت کے جذبات سے قبول کیا۔ یہ جماعت لوکل مرکزی ایم پی کو بھی یہ تحفہ پیش کر رہی ہے۔ اسی طرح لوکل پلازا میں جماعت کی کتب کا ایک سٹال لگانے کا انتظام بھی کیا جا رہا ہے۔ مذکورہ [illegible] لائبریریوں میں قرآن مجید کے انگریزی ترجمہ کی پیشکش میں شمولیت کیلئے مقامی جماعت نے مبلغ انچارج کو بھی دعوت دی تھی۔ برانٹ فورڈ کی جماعت مقامی کتب سٹورز میں بھی قرآن مجید رکھوانے کی کوشش کر رہی ہے اللہ تعالیٰ ان دونو جماعتوں کے نمونہ پر باقی جماعتوں کو بھی عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

## محترم میجر شمیم احمد صاحب کا مکتوب احباب کینیڈا کے نام

مکرم و محترم میجر شمیم احمد صاحب نے پاکستان واپس پہنچ کر احباب جماعت کے نام مندرجہ ذیل پیغام بھیجا ہے :-

"کینیڈا میں ہمارے قیام کے دوران آپ نے (محترم مشنری انچارج صاحب) اور تمام احباب جماعت نے جس محبت اور مشفقانہ سلوک سے ہمیں نوازا ہے اس کے لئے دلی دعائیں نکلتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور اس کا شکر ادا کرتے ہوئے ہم سربسجود ہیں۔ کہ اس نے اپنے فضل اور احسان سے وہ بے پایاں محبت اور الفت احباب کے دلوں میں پیدا کر دی کہ بقول قرآن کریم "جس کے نتیجہ میں تم اس کے احسان سے بھائی بھائی بن گئے" حقیقت یہ ہے کہ احباب کے دلوں میں یہ الفت اللہ تعالیٰ کی بے حدود حساب رحمت کا ایک کرشمہ ہے جسکی مثال دنیوی رشتوں میں بھی مشکل سے ملے گی۔ یہ عاجز احباب جماعت، محترمی امیر صاحب اور آپ کی کرمفرائی اور احسانات کا بے حد ممنون اور مشکور ہے میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور جملہ احباب کو بہتر سے بہتر جزائے خیر عطا فرمائے اپنے بے حد فضلوں سے نوازے۔ جماعت کے ہر فرد کو دین و دنیا کی حسنات سے متمتع فرمائے۔ دین کا خادم بنائے خدمتِ دین کی توفیق عطا فرمائے آپ کے ذریعہ سے کینیڈا میں اسلام کا بول بالا ہو۔ اور وہ ہمیشہ ہم سب کو اپنی رضا کی راہوں پر چلائے آمین۔

اس عاجز کیلئے فرداً فرداً خط لکھنا ممکن نہیں۔ خاکسار کے یہ جذبات احباب جماعت تک پہنچا دیں۔ یہ عاجز انشاء اللہ تعالیٰ آپ اور جماعت کینیڈا کو حسب توفیق دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب سے وہ کام لے جس سے اس کی عزت و جلال ظاہر ہو۔ دنیا ہی ہمارا سب سے بڑا ہم و غم نہ ہو بلکہ خدمتِ دین کی توفیق عطا ہو۔ آمین

(۱۶ر فروری ۱۹۸۰ء) دعاؤں کا محتاج۔ شمیم احمد"

## انسان کی پیدائش کی علّتِ غائی عبادت ہے،

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰہَ۔ خدا تعالیٰ کے سوا ہرگز ہرگز کسی کی پرستش نہ کرو۔ اصل بات یہ ہے کہ انسان کی پیدائش کی علّتِ غائی یہی عبادت ہے۔ جیسے دوسری جگہ فرمایا ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ۔ عبادت اصل میں اس کو کہتے ہیں کہ انسان ہر قسم کی قساوت، کجی کو دور کر کے دل کی زمین کو ایسا صاف بنا دے جیسے زمیندار زمین کو صاف کرتا ہے۔ عرب کہتے ہیں مورِ معبّد جیسے سرمہ کو باریک کر کے آنکھوں میں ڈالنے کے قابل بنا لیتے ہیں۔ اسی طرح جب دل کی زمین میں کوئی کنکر پتھر ناہمواری نہ رہے اور ایسی صاف ہو کہ گویا روح ہی روح ہو اس کا نام عبادت ہے۔ چنانچہ اگر یہ درستی اور صفائی آئینہ کی کی جاوے تو اس میں شکل نظر آ جاتی ہے اور اگر زمین کی کی جاوے تو اس میں انواع و اقسام کے پھل پیدا ہو جاتے ہیں۔ پس انسان جو عبادت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ اگر دل صاف کرے اور اس میں کسی قسم کی کجی اور ناہمواری، کنکر پتھر نہ رہنے دے تو اس میں خدا نظر آئے گا۔"

(ملفوظات جلد دوم ص۶۵)

## اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے سے مال میں کمی نہیں آتی

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں :-

"جو شخص ایسی ضروری مہمات میں مال خرچ کرے گا میں امید نہیں کرتا کہ اس مال کے خرچ سے اس کے مال میں کمی آ جائے گی بلکہ اس کے مال میں برکت ہوگی۔ پس چاہیئے کہ خدا تعالیٰ پر توکّل کر کے پورے اخلاص اور جوش اور محبت سے کام لیں اور یہی وقت خدمت گزاری کا ہے پھر بعد اس کے وہ وقت آتا ہے کہ ایک سونے کا پہاڑ بھی اس راہ میں خرچ کریں تو اس وقت کے ایک پیسے کے برابر بھی نہیں ہوگا۔ یہ ایک ایسا مبارک وقت ہے کہ تم میں وہ خدا کا فرستادہ موجود ہے جس کا صدہا سال سے امتیں انتظار کر رہی تھیں اور ہر روز خدا تعالیٰ کی تازہ وحی بشارتوں سے بھری ہوئی نازل ہو رہی ہے اور خدا تعالیٰ نے متواتر ظاہر کر دیا ہے کہ واقعی اور قطعی طور پر وہی شخص اس جماعت میں شامل سمجھا جائیگا کہ اپنے عزیز مال کو اس راہ میں خرچ کریگا۔ (اشتہار تبلیغ ہدایت)

# ضروری اعلانات

## جماعت احمدیہ کینیڈا کی چوتھی سالانہ کانفرنس

احباب جماعت احمدیہ کینیڈا کو اطلاع کی جاتی ہے کہ مورخہ ۲۸ر - ۲۹ر جون ۱۹۸۰ء کو کینیڈا جماعت کی چوتھی سالانہ کانفرنس منعقد ہوگی۔ اس موقعہ پر مجلس شوریٰ کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔ جماعتیں اپنی تجاویز جلد از جلد بھجوا دیں۔

## علاقائی کانفرنس برائے مغربی کینیڈا

امسال مغربی کینیڈا کی علاقائی سالانہ کانفرنس وینکوور میں مورخہ ۱۸ر مئی ۱۹۸۰ء کو ایک روز کے لئے منعقد کی جا رہی ہے۔ مقامی جماعت وینکوور کے احباب اس کو کامیاب بنانے کے لئے پوری تگ و دو کر رہے ہیں انہوں نے مشرقی کینیڈا کے تمام احمدی دوستوں کو شمولیت کی خصوصی دعوت دی ہے۔ مولانا عطاء اللہ صاحب کلیم کی آمد متوقع ہے۔ امیر و مبلغ انچارج کینیڈا بھی شمولیت فرمائیں گے۔

## ماہ مئی ۱۹۸۰ء میں جماعتہائے کینیڈا کے لئے یوم تبلیغ

جیسا کہ احباب کو علم ہوگا کہ مجلس شوریٰ ۱۹۷۹ء کے فیصلہ کے مطابق مئی کی      تاریخ کو تمام کینیڈا کی جملہ جماعتیں یوم تبلیغ منائیں گی۔ مرکز کی طرف سے انہیں لٹریچر پہنچایا جا رہا ہے۔ اپنے حالات کے مطابق وہ اس پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے خود پروگرام مرتب کریں۔

## انتخاب صدر سکاربرو جماعت

احباب جماعت سکاربرو نے اپنے نئے صدر کا انتخاب کیا ہے۔ مکرم      صدیقی صاحب صدر چنے گئے ہیں۔ مکرم صدیقی صاحب کا پروگرام ہے کہ وہ دوستوں سے انفرادی رابطہ قائم کر کے جماعت کے مختلف پروگرام مرتب کریں گے اور ان سے بھرپور تعاون کی درخواست کریں گے۔ مبلغ صاحب انچارج نے بھی سکاربرو کے دوستوں سے اپیل کی ہے کہ وہ صدیقی صاحب کے ساتھ مکمل تعاون فرمائیں۔

# نئی پرنٹنگ مشین

مشن کا یہ پروگرام ہے کہ ایک نئی پرنٹنگ مشین خریدی جائے جس کے لئے ایک مخلص دوست نے پوری قیمت ادا کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ تمام احمدی دوستوں سے یہ اپیل ہے کہ وہ اس معاملہ اگر کوئی معلومات بہم پہنچا سکیں تو یہ ایک پسندیدہ امر ہوگا

## بچوں کے سالانہ امتحانات

حسب سابق جون ۱۹۸۰ء میں تمام جماعتوں کے بچوں کے اکٹھے امتحانات لئے جائیں گے۔ اس مرتبہ امتحانات کا سلیبس LESSONS ON ISLAM BOOK 1 & 2 ہوگا۔ گذشتہ سال جو بچے BOOK 1 کے امتحان میں شریک نہیں ہو سکے وہ پہلی کتاب میں سے مرتب شدہ پرچہ حل کریں گے اور جن بچگان نے یہ امتحان پاس کر لیا ہے وہ دوسری کتاب کا امتحان دیں گے۔ یہ دونوں کتابیں چھپوا کر احباب جماعت تک پہنچا دی جائیں گی۔ صدران جماعت اور والدین بچوں کو اس سے اطلاع دیں اور تیاری میں ان کی مدد فرمائیں۔

# درخواستِ دُعا

(۱) ہمارے بزرگ دوست مکرم احمد علی صاحب کا آپریشن ہوا ہے۔ آجکل وہ ہسپتال میں ہیں۔ انہوں نے خاص دعا کے لئے احباب سے درخواست کی ہے۔ احمد علی صاحب اپنے لڑکے کی ایگزیمنیشن کے لئے بھی متفکر ہیں۔ جملہ احباب سے کامیابی کے لئے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔

(۲) ملک محمد احمد صاحب طاہر کی والدہ چند ایک ماہ سے ٹانگ میں شدید درد کے عارضہ سے مبتلا ہیں اور وہ دعائے صحت کی درخواست کرتی ہیں۔

(۳) سیسکیٹون جماعت نے اپنے شہر کے ہر گھر میں احمدیت کا پیغام پہنچانے کا پروگرام بنایا ہے اور احباب جماعت سے اس نیک کام میں کامیابی کے لئے دعا کی درخواست کی ہے۔

# کیلگری میں اشاعتِ قرآن

(مکرم چوہدری عبد الباری صاحب احمدی قائد مجلس خدام الاحمدیہ کیلگری)

یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ کیلگری جماعت کو خدمتِ اسلام کی توفیق ملتی چلی آرہی ہے کچھ عرصہ سے ہم قرآن مجید کی اشاعت کے سلسلہ میں کوشش کر رہے ہیں جس کا ایک عملی پہلو ان چند سطور میں بیان کرنا چاہتا ہوں۔ جماعتی پروگرام کے تحت دیگر جماعتی چندوں کے علاوہ ہر ماہ تقریباً ۶۰۰/- (چھ صد) ڈالر کی رقم قرآن کریم کی اشاعت و تقسیم کے لئے جمع کی جاتی ہے اس رقم میں تقریباً ۱۰۰ (ایکصد) ڈالر لجنہ اماء اللہ کیلگری کی طرف سے ہر ماہ مہیا کیا جاتا ہے جو کہ ایک جماعتی تحریک پر لجنہ کی ہر ممبر اپنے گھرداری کے خرچ سے پانچ ڈالر ماہوار قرآن کریم کے لئے دے۔ لجنہ کی طرف سے یہ دوسرا ماہ ہے کہ ان کی طرف سے باقاعدہ رقم مل رہی ہے۔

۵ دسمبر ۱۹۷۹ء میں محترم راجہ باسط احمد صاحب نے خاکسار کی توجہ اس طرف کروائی کہ اشاعتِ قرآن کریم کے سلسلہ میں ہمیں مضبوط کوشش کرنی چاہیئے اور خاکسار کے سپرد یہ کام ہوا کہ اس تقسیم کا بندوبست کیا جائے۔ بعض بڑے بڑوں کی مینیجمنٹ سے اس بارے میں بات ہوئی جس کا سلسلہ جاری ہے اس کام کے لئے سٹیزن شپ کورٹ سے رابطہ قائم کیا گیا۔ بات اس کی مینجر سے چلتی چلتی کورٹ کے جج مسٹر سنکلیر تک پہنچی کہ جماعت احمدیہ کیلگری ان پیاسی قوموں کو جو حقیقی اسلام کی تلاش میں ہیں قرآن کریم جیسی روحانی غذا مہیا کرے گی۔

جج مسٹر سنکلیر نے اپنی مینجر کے ذریعہ یہ پیغام بھجوایا کہ جماعت احمدیہ کیلگری کو اجازت دیتے ہیں کہ جس طرح چرچ والے بائیبل نئے بننے والے شہریوں کو مفت تقسیم کرتے ہیں اسی طرح جماعت احمدیہ کیلگری بھی کر سکتی ہے مگر اس سے پہلے وہ جماعت کے نمائندوں سے بات چیت کرنا چاہتے ہیں۔ وقت مقرر ہونے پر محترم راجہ باسط احمد صاحب اور خاکسار حاضر ہوئے۔ جج نے بڑی خندہ پیشانی سے خوش آمدید کہا جج کا رویہ انتہائی ہمدردانہ اور تعاون والا تھا۔ خاکسار نے راجہ صاحب کا تعارف کرایا کہ یہ جماعت احمدیہ کیلگری کے پریذیڈنٹ ہیں۔ محترم راجہ صاحب نے جماعت کا تعارف اور دیگر سرگرمیوں کے بارے میں جج کو بتایا۔ مکمل بات چیت ہونے پر جج نے الوداع کرتے وقت کہا کہ کسی خصوصی تقریب میں آپ لوگوں کو مدعو کیا جائے گا جس پر آپ قرآن کریم کی یکصد کاپی جج پیش کریں۔ جج نے یہ بھی کہا کہ وہ اپنے متعلقہ وزارت امور کو بھی جماعت احمدیہ کیلگری کی ان مساعی سے آگاہ کریں گے۔ یہ بات چیت دوستانہ ماحول میں کوئی آدھ گھنٹہ جاری رہی۔

۲۷ جنوری ۱۹۸۰ء کو مسٹر سنکلیر کے دفتر سے اطلاع ملی کہ ایک خصوصی تقریب مورخہ ۳۱/۱ کو اس کے دفتر میں منعقد ہو رہی ہے جس میں کوئی اٹھارہ ملکوں کے یکصد لوگ حصہ لے رہے ہیں جماعت احمدیہ کی تنظیم اس موقع پر آکر قرآن کریم کی یکصد کاپیاں پیش کرے۔

جماعتی تنظیم کے تحت (۱) محترم راجہ باسط احمد صاحب پریذیڈنٹ جماعت کیلگری (۲) محترم حسن عمر صاحب سیکرٹری امور عامہ اور خاکسار عبد الباری قرآن کریم کی مطلوبہ کاپیاں لے کر سٹیزن شپ کورٹ میں حاضر ہوئے۔ جج مسٹر سنکلیر نے خوش آمدید کہا اور اپنے ساتھ لے جا کر اپنے کمرہ میں بٹھایا اور گفتگو کے دوران کہنے لگے آپ نے جو اس دن قرآن کریم دیا تھا وہ دیکھو میں نے اپنی کتابوں میں سامنے رکھا ہوا ہے اور پھر یہ کہ ... کبھی کبھی میں LETHBRIDGE (ساؤدرن البرٹا کا ایک شہر) بھی اس سلسلہ میں جاتا ہوں۔ وہاں پر حلف لینے کے لئے قرآن کریم نہیں ہے میں ۱۴ مارچ کو جا رہا ہوں آپ لوگ بھی میرے ساتھ چلیں اور وہاں قرآن مجید کی پیشکش کریں۔ یہ دعوت ہم نے قبول کر لی۔

آج کی تقریب میں کوئی یکصد کے قریب ایسے لوگ تھے جن کو کینیڈا رہتے ہوئے کم از کم تین سال ہو گئے تھے اور وہ کینیڈین شہریت لینا چاہتے تھے۔ ان تمام نئے شہری بننے والوں سے مسٹر سنکلیر حلف لیتے ہیں اور پھر ان کو سٹیزن شپ کا سرٹیفیکیٹ دیتا ہے حلف لینے والا اپنی مقدس کتاب پر ہاتھ رکھ کر اقرار کرتا ہے کہ وہ کینیڈا کا وفادار رہے گا۔

تمام لوگ اپنی اپنی جگہ بیٹھے ہوئے تھے کینیڈین بائیبل سوسائٹی کے نمائندہ نے آکر کہا کہ بائیبل سوسائٹی ہمیشہ نئے شہریوں کو مفت بائیبل کا تحفہ دیتی رہی ہے مگر یہ ان کے لئے ہوتا ہے جو خود دلچسپی سے لینا چاہیں اور آج سے آپ لوگوں کو قرآن مجید بھی ملا کرے گا کیونکہ اس کا انتظام احمدیہ موومنٹ ان اسلام کیلگری نے کر دیا ہے اس کے بعد مسٹر سنکلیر ہال میں داخل ہوئے تو تمام لوگ ادب کے طور پر کھڑے ہو گئے۔ جج کے ارشاد پر سب بیٹھ گئے۔ اس کے بعد سنکلیر نے تقریر کی کہ تم لوگ آج اس آزاد ملک کے شہری بن رہے ہو جس میں تمام سہولتیں میسر ہیں۔ تمہاری جان، تمہارا مال، تمہارا مذہب اور تمہاری آزادی ضمیر یہاں آزاد ہے جس کی کھلی مثال آج اس ہال میں دیکھنے میں آرہی ہے۔ پہلے یہاں صرف بائیبل ضرورتمندوں کو دی جاتی تھی جماعت احمدیہ کیلگری نے نہایت مستحسن قدم اٹھایا ہے اور آج یکصد قرآن کریم کی کاپیاں بطور تحفہ دی ہیں۔ جو لوگ پسند کریں وہ اپنی مرضی سے مانگ سکتے ہیں۔

ہم پہلے یہ کہا کرتے تھے کہ ہمارے پاس صرف قرآن کریم کی ایک کاپی ہے لہٰذا آپ لوگ حلف لے سکتے ہیں مگر ساتھ نہیں لے جا سکتے مگر اب آپ ساتھ بھی لے جا سکتے ہیں اور پڑھ کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

جج سنکلیر نے کہا۔ میں انتہائی طور پر شکر گزار ہوں جماعت احمدیہ کیلگری کا کہ انہوں نے روحانی غذا کا سامان مہیا کیا۔ میں جماعت احمدیہ کے ان تینوں نمائندوں کا ممنون ہوں (جج نے ہم تینوں کے نام لئے) کہ جن کی مساعی سے ہم اس قابل ہوئے کہ لوگوں کو قرآن کریم دے سکیں۔

جج نے فرمایا اب ہم اپنی تقریب شروع کریں گے جس کے اختتام سے پہلے جماعت احمدیہ کے پریذیڈنٹ کو کچھ کہنے کے لئے وقت دیا جائے گا لہٰذا وہ کچھ کہنے کے لئے تیار رہیں۔ تقریب کے اختتام پر جج نے محترم راجہ صاحب کو بلایا۔ سب سے پہلے راجہ صاحب نے جج کی خدمت میں قرآن کریم کی کاپی پیش کی جس کو انہوں نے کھڑے ہو کر قبول کیا۔ جس کے بعد محترم راجہ صاحب نے قرآن کریم کی اشاعت اور جماعت احمدیہ کے بارے میں اور اسلام کے بارے میں مختصر تقریر کی اور اپنی تقریر کے آخر میں جج سنکلیر کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے تعاون فرمایا جس کی وجہ سے ہم اس قابل ہوئے کہ آپ سب کی خدمت میں قرآن مجید پیش کر سکیں۔ راجہ صاحب کی تقریر کے بعد محترم جج مسٹر سنکلیر نے آخری بار پھر جماعت احمدیہ کیلگری کا شکریہ ادا کیا اور اس طرح یہ اجلاس اختتام کو پہنچا۔

ہماری دلی التجا ہے کہ دوست دعا فرمادیں اللہ تعالیٰ ہمیں پیار اور محبت کے ساتھ اور سچی لگن کے ساتھ خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

---

## اللہ تعالیٰ کے نور کو پھیلایئے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:-

"اب وقت آگیا ہے کہ ہم انتہائی قربانیاں اُس (خدا تعالیٰ) کے حضور پیش کر دیں تاکہ وہ انتہائی فضلوں کی بارش ہم پر کرے۔ اور ہمیں اپنا مقصد اور مدعا حاصل ہو جائے۔ ہر طرف اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کا جلوہ ہمیں نظر آئے"

پس تمام مجاہدین تحریک جدید اور خاص طور پر انصار اللہ کو چاہیئے کہ وہ تحریک جدید کے مالی جہاد کو مضبوط سے مضبوط تر کریں اور اللہ تعالیٰ کے نور کو پھیلانے کے اجر عظیم کے وارث ٹھہریں

(وکیل المال اوّل تحریک جدید)